4108CH14

آم

آم جو کھائے وہ للچائے
جو نہ کھائے وہ پچھتائے
بھینی بھینی خوش بو آئے
جو سب کے ہی من کو بھائے
سونے جیسی رنگت ان کی
ڈالی ڈالی سنگت ان کی
خوش بو اس کی بھینی بھینی
میٹھا گڑ ہے میٹھی چینی
خود کھائیں اوروں کو کھلائیں
کھانے سے جی بھر نہ پائیں
سب سے اچھی بات یہی ہے
گرمی کی سوغات یہی ہے

— عفت زرّیں

© NCERT not to be republished

مشق

1. ان لفظوں کو لکھوائیے

آم ______ ______ ______ ______ ______

رنگت ______ ______ ______ ______ ______

خوش بو ______ ______ ______ ______ ______

سوغات ______ ______ ______ ______ ______

ڈالی ______ ______ ______ ______ ______

2. نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھروائیے

آم .... وہ للچائے

.... وہ پچھتائے

.... اوروں کو کھلائیں

کھانے سے جی ....

.... یہی ہے

☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- بچّوں سے آم سے متعلق بات چیت کی جائے۔
- نظم کو ترنم سے سنانے کی ترغیب دیں اور اس کے بارے میں لکھوایا جائے۔

© NCERT not to be republished



3. حصّہ 'الف' اور حصّہ 'ب' کو نظم کے مطابق ملوایئے

الف	ب
خود کھائیں اوروں کو کھلائیں	میٹھا گڑ ہے میٹھی چینی
آم جو کھائے وہ للچائے	جو سب کے ہی من کو بھائے
بھینی بھینی خوش بو آئے	جو نہ کھائے وہ پچھتائے
سونے جیسی رنگت ان کی	کھانے سے جی بھر نہ پائیں
خوش بو اس کی بھینی بھینی	ڈالی ڈالی سنگت ان کی

© NCERT not to be republished

4. جن لفظوں میں نون غنہ (ں) استعمال ہوا ہے،
انھیں باکس میں لکھوایئے

سندر	رنگت	سنگت	بھینی	اندر	اوروں
کھلائیں	پتنگ	من	دھنک	انجان	منظر

5. حروف ملا کر لفظ بنوایئے

کھ	ا	ئے	= ....
ا	چھ	ی	= ....
م	ی	ٹھ	ی = ...
بھ	ی	ن	ی = ...



© NCERT not to be republished

6. بچّوں سے ان کے پسندیدہ پھل کی تصویر بنوا کر رنگ بھروائیے

© NCERT not to be republished